بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر = ص ا ب /س/۲/۸/۲۰۱۸ مورخہ ۲۵/نومبر ۲۰۱۹

بخدمت = چیف سیکرٹری،

حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔

موضوع = مشترکہ قرارداد نمبر ۶۵ منجانب ثنا اللہ بلوچ اور اختر حُسین لانگو

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے منعقدہ اجلاس ۲۱/نومبر ۲۰۱۹ میں ذیل منظور شدہ مشترکہ قرارداد نمبر ۶۵ منجانب ثنا اللہ بلوچ اور اختر حُسین لانگو، اراکین اسمبلی بمراد اطلاع و کارروائی لازمہ ارسال خدمت ہے۔ نیز قواعد وانضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی ۱۹۷۴ کے قاعدہ نمبر (۲) ۱۱۴ کے تحت قرارداد پر عمل درآمد کی بابت اسمبلی کو دو ماہ کے اندر مطلع فرمائیں۔

مشترکہ قرارداد

ہرگاہ کہ صوبہ کے دو اہم بڑے ڈویژن جن میں رخشان اور نصیر آباد شامل ہیں میں تاحال میڈیکل کالجز کا قیام عمل میں نہیں لایا گیا ہے جس کی وجہ سے وہاں کے طلباء اور عوام میں مایوسی اور بے چینی پائی جاتی ہے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ رخشان ڈویژن کے ہیڈکوارٹر خاران اور نصیر آباد میں میڈیکل کالجز کے قیام کو یقینی بنائے تاکہ نہ صرف وہاں کے طلباء اور عوام میں پائی جانیوالی مایوسی اور احساس کمتری کا خاتمہ ممکن ہو بلکہ اعلیٰ پایہ کے ڈاکٹروں اور ماہرین کی تعداد میں اضافہ اور ڈاکٹروں کی کمی کو پورا کیا جانا بھی ممکن ہو۔

(صفدر حُسین)

معتمد،

نقل برائے اطلاع بخدمت:۔

۱) بخدمت ثناء اللہ بلوچ اور اختر حُسین لانگو اراکین اسمبلی/محرکین قرارداد۔
۲) سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔
۳) سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آباد۔
۴) پرنسل سیکرٹری پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ، (پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔
۵) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعظم پاکستان، وزیراعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔
۶) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۷) سیکرٹری صحت، حکومت، بلوچستان، کوئٹہ۔
۸) سیکرٹری محکمہ قانون و پارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۹) سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، لاہور۔ سندھ، کراچی۔ خیبر پختونخوا، پشاور۔ قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفر آباد۔ قانون ساز اسمبلی گلگت اسمبلی، گلگت بلتستان۔

〈قادر بخش شاہوانی〉

شریک معتمد، (سوالات)